تعارف وتبصرہ

مکی اسوۂ نبوی- مسلم اقلیتوں کے مسائل کا حل   پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی

ناشر: اسلامک بک فاؤنڈیشن، نئی دہلی-۲، ۲۰۰۵ء، صفحات: ۳۲۷، قیمت-/۲۰۰ روپے

عصر حاضر میں دنیا کے مختلف حصوں میں مسلمان اقلیت کی حیثیت سے زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ طرح طرح کے مسائل سے دوچار ہیں، مثلاً کثیر قومی معاشرہ میں دیگر مذاہب کے ماننے والوں کے ساتھ ان کا رہن سہن، معاملات اور باہمی تعلقات کیسے ہوں؟ اقلیت میں رہتے ہوئے وہ اپنے دینی شعائر اور واجبات پر کیسے عمل پیرا ہوں؟ وغیرہ۔ قرآن وسنت کی روشنی میں ان سوالات کے جوابات دینا اور رسول کریم ﷺ اور صدر اول کے مسلمانوں کا اسوہ پیش کرنا معاصر مسلم مفکرین کی ذمہ داری ہے۔

زیر نظر کتاب اسی موضوع پر ایک تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ ہے۔ فاضل مصنف پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی سیرت کے موضوع پر اتھارٹی سمجھے جاتے ہیں۔ سیرت نبوی کے مختلف پہلوؤں پر ان کی متعدد کتابیں ہیں۔ اور بہت سے تحقیقی مقالات، مجلّہ تحقیقاتِ اسلامی اور دیگر رسائل کی زینت بنتے رہتے ہیں۔ موضوعاتِ سیرت پر ان کی تحریریں عصری تناظر میں تحقیقی رنگ لیے ہوئے ہوتی ہیں۔ زیر نظر کتاب میں انھوں نے مکی عہد نبوی کا اس حیثیت سے مطالعہ پیش کیا ہے کہ اس کا اسوہ اختیار کر کے معاصر دنیا کی مسلم اقلیتوں کے مسائل کو بخوبی حل کیا جا سکتا ہے۔

اصلاً یہ کتاب ان خطبات پر مشتمل ہے جو مرحوم مولانا محمد رضوان القاسمی ناظم دارالعلوم سبیل السلام حیدرآباد کی دعوت پر ۱۶ تا ۲۰ رجولائی ۲۰۰۳ء حیدرآباد کے اہلِ علم اور اصحابِ ذوق کے ایک بڑے مجمع کے سامنے دیے گئے تھے۔

یہ کتاب آٹھ خطبات پر مشتمل ہے۔ پہلے خطبہ کا عنوان ہے ''مکہ مکرمہ کا کثیر قومی معاشرہ'' اس میں مکہ میں رہنے والے مختلف قبائل اور مختلف پیروان مذاہب کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ دوسرے خطبے ''مکی مسلم اقلیت کا ارتقاء'' میں یہ دکھایا گیا ہے کہ کس طرح مکہ میں